شیخ غلام مصطفی ظہیر امن پوری حفظہ اللہ کا تعاقب : 11

صحیح ابن حبان کے راوی
وفاء بن شریح الحضرمی المصری رحمہ اللہ کا دفاع

از قلم:

حافظ اکبر علی اختر علی سلفی/ عفا اللہ عنہ

ناشر:

البلاغ اسلامک سینٹر

الحمد للہ وحدہ، والصلاۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ، أما بعد:

محترم قارئین! شیخ غلام مصطفی ظہیر امن پوری حفظہ اللہ فرماتے ہیں:

”وفاء بن شریح حضرمی مجہول الحال ہے۔ اسے صرف امام ابن حبان رحمہ اللہ نے ”الثقات: 5/ 497“ میں ذکر کیا ہے“۔

دیکھیں: (فتاوی امن پوری، قسط: 494، ص: 17)

راقم کہتا ہے کہ:

❁ وفاء بن شریح الحضرمی رحمہ اللہ کتاب الثقات کے ساتھ ساتھ صحیح ابن حبان کے بھی راوی ہیں۔

شیخ حفظہ اللہ کا وفاء المصری رحمہ اللہ کی بابت یہ کہنا: ”اسے صرف امام ابن حبان رحمہ اللہ نے ”الثقات: 5/ 497“ میں ذکر کیا ہے“ بلاشبہ مردود اور نا قابل التفات ہے کیونکہ امام ابن حبان البستی رحمہ اللہ نے موصوف کو کتاب الثقات میں ذکر کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی صحیح میں ان سے احتجاجاً حدیث بھی لی ہے اور ان کی حدیث سے دو مرتبہ احتجاج کیا ہے۔

دیکھیں: (صحیح ابن حبان بتحقیق شعیب الأرنؤوط: 3/36، ح: 760 و 15/120، ح: 6725)

❁ وفاء بن شریح الحضرمی رحمہ اللہ مجہول الحال نہیں بلکہ ”ثقہ“ راوی ہیں۔

آپ رحمہ اللہ سے تین (3) ثقہ راویوں نے روایت کیا ہے:

(1) امام لیث بن سعد المصری رحمہ اللہ (طبقات الأسماء المفردۃ للبردیجی بتحقیق سکینۃ الشہابی، ص: 97، ت: 314)

(2) جلیل القدر محدث بکر بن سوادہ المصری رحمہ اللہ (تہذیب الکمال للمزی بتحقیق بشار عواد: 4/214، ت: 746)

(3) زیاد بن نعیم الحضرمی المصری رحمہ اللہ (الثقات لابن حبان بتحقیق مجموعۃ من العلماء: 4/257، ت: 2800 وغیرہ)

اور امام ابن حبان رحمہ اللہ نے کتاب الثقات میں ذکر کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی صحیح میں احتجاجاً حدیث بھی لی ہے۔

اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ عامر بن زید البکالی رحمہ اللہ کے ترجمے میں فرماتے ہیں:

”وَأخرج ابن حبَان فِي صَحِيحه من طَرِيق أبي سَلام عَنهُ أَحَادِيث، صرح فِيهَا بِالتَّحْدِيثِ، وَمُقْتَضَاهُ أَنه عِنْده ثِقَة“.

”امام ابن حبان رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں ابوسلام عن عامر کے طریق سے کئی احادیث کی تخریج کی ہے اور اُن احادیث (کی سندوں) میں (ابوسلام نے عامر البکالی سے) تحدیث کی صراحت ہے اور امام ابن حبان رحمہ اللہ کا عامر البکالی کی حدیث کو اپنی صحیح میں نقل کرنا، اِس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ عامر البکالی آپ کے نزدیک ثقہ ہیں“۔

(تعجیل المنفعۃ بتحقیق إکرام اللہ: 1/704، ت: 505)

میرے علم کی حد تک جرح وتعدیل کے کسی بھی امام نے وفاء الحضرمی کو مجہول یا مجہول الحال نہیں کہا ہے اور نا ہی کسی قسم کی کوئی جرح کی ہے سوائے حافظ ابن حجر کے۔ آپ رحمہ اللہ نے تقریب (بتحقیق محمد عوامۃ، ت: 7410) میں موصوف کو ”مقبول“ کہا ہے تو اِس کی بابت عرض ہے کہ:

(1) جس راوی سے تین ثقہ راوی روایت کریں اور امام ابن حبان رحمہ اللہ اسے اپنی کتاب الثقات میں ذکر کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی صحیح میں اس سے احتجاجاً حدیث بھی لیں تو اُس راوی کو مقبول کہنا بلاشبہ غیر مقبول ہے۔

(2) تقریب میں حکم لگاتے وقت حافظ رحمہ اللہ کو اِس بات کا علم نہیں تھا کہ امام ابن حبان نے وفاء الحضرمی سے اپنی صحیح میں حدیث لی ہے۔

❁ شاید شیخ حفظہ اللہ نے شیخ شعیب الارنؤوط، علامہ البانی، شیخ زبیر علی زئی -رحمہم اللہ- اور دکتور بشار عواد حفظہ اللہ پر اعتماد کیا ہے۔

مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ شاید شیخ حفظہ اللہ نے مذکورہ تمام علمائے کرام پر اعتماد کیا ہے یا کم از کم فضیلۃ الشیخ زبیر علی زئی رحمہ اللہ یا دکتور بشار عواد حفظہ اللہ اور علامہ شعیب الاؤوط رحمہ اللہ پر اعتماد کیا ہے۔ ورنہ اگر تحقیق کی ہوتی تو میری پیش کردہ معلومات کو پا لیتے۔

مذکورہ علمائے کرام کے نام مع حوالہ درج ذیل ہیں:

(1) علامہ محمد ناصر الدین البانی رحمہ اللہ (سلسلة الأحاديث الضعيفة: 241/11، تحت الحديث: 5142)

(2) شیخ شعیب الارنؤوط رحمہ اللہ اور دکتور بشار عواد حفظہ اللہ (تحرير تقريب التهذيب: 60/4، ت: 7410)

(3) شیخ زبیر علی زئی رحمہ اللہ (فضل الصلاة على النبي للقاضي بتحقيق زبير، ص: 95، تحت الحديث: 53)

مذکورہ اقوال کا تشفی بخش جواب راقم نے اپنے درج ذیل مضمون میں دے دیا ہے۔

دیکھیں: "وفاء بن شریح الحضرمی المصری رحمہ اللہ، جرح وتعدیل کے میزان پر"۔

❁ فائدہ:

جس حدیث کے تحت شیخ نے وفاء الحضرمی کو مجہول الحال قرار دیا ہے، اُس کی مفصل تحقیق دوسرے مضمون میں پیش کی جائے گی۔ ان شاء اللہ۔

❁ خلاصة التحقيق:

وفاء بن شریح المصری الحضرمی رحمہ اللہ مجہول الحال نہیں بلکہ ثقہ راوی ہیں لہذا شیخ غلام مصطفی ظہیر امن پوری حفظہ اللہ کا موصوف کو مجہول الحال کہنا بلاشبہ مردود اور باطل ہے۔ اللہ شیخ محترم کو رجوع کرنے اور حق قبول کرنے کی توفیق دے۔ آمین یا رب العالمین.

وآخر دعوانا أن الحمد لله رب العالمين.

حافظ اکبر علی اختر علی سلفی/عفا اللہ عنہ

صدر البلاغ اسلامک سینٹر

15-ربیع الاول-1445ھ

01-اکتوبر-2023ء